Visit of Prime Minister to the Vatican City

October 30, 2021

وزیر اعظم کا ویٹیکن سٹی کا دورہ

30 2021 اکتوبر

تقدس مآب پوپ فرانسیس نے 30 اکتوبر 2021 کو، سنیچر کے روز، ویٹیکن میں اپوسٹولک محل میں مخصوص ناظرین کے درمیان وزیر اعظم جناب نریندر مودی کا استقبال کیا۔

یہ بھارتی وزیر اعظم اور پوپ کے درمیان دو دہائیوں سے بھی زائد عرصے میں پہلی ملاقات تھی۔ جون 2000 میں، آنجہانی وزیر اعظم جناب اٹل بہاری واجپئی نے ویٹیکن کا دورہ کیا تھا اور اس وقت کے پوپ، تقدس مآب جان پل دوئم سے ملاقات کی تھی۔ بھارت اور ویٹیکن سٹی کے مابین دوستانہ تعلقات کی تاریخ کا آغاز 1948 میں سفارتی تعلقات کی بحالی کے ساتھ ہوا تھا۔ بھارت ایشیا میں دوسری سب سے بڑی کیتھولک آبادی کا حامل ملک ہے۔

آج کی میٹنگ کے دوران، دونوں قائدین نے کووِڈ-19 وبائی مرض اور دنیا بھر میں عوام پر مرتب ہونے والے اس کے نتائج کے بارے میں تبادلہ خیالات کیے۔ دونوں قائدین نے موسمیاتی تبدیلی کے نتیجے میں پیداہونے والی چنوتی کے بارے میں بھی بات چیت کی۔ وزیر اعظم نے پوپ کو موسمیاتی تبدیلی سے نمٹنے میں بھارت کے ذریعہ کی گئیں او لوالعزم پہل قدمیوں اور ایک بلین کووِڈ-19 ٹیکے لگانے میں بھارت کی کامیابی کے بارے میں بتایا۔ تقدس مآب نے وبائی مرض کےدوران بھارت کے ذریعہ مختلف ممالک کو فراہم کی گئی امداد کی ستائش کی۔

وزیر اعظم نے تقدس مآب پوپ فرانسیس کو جلد ہی بھارت کا دورہ کرنے کے لئے مدعو کیا، جسے انہوں نے بخوشی قبول کر لیا۔

وزیر اعظم نے سکریٹری آف اسٹیٹ، عظیم المرتبت کارڈنل پیٹرو پارولین سے بھی ملاقات کی۔

روم،
30 2021 اکتوبر

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.